# ملازمت کے مواقع

**ایک وفاقی ادارے کو درج ذیل اسامیوں کیلئے پاکستانی شہریت کے حامل درجہ ذیل ڈومیسائل رکھنے والے)**
**( افراد سے درخواستیں مطلوب ہیں**

| نمبر شمار | آسامی کا نام | کم از کم مطلوبہ تعلیمی قابلیت اور تجربہ | آخری تاریخ کو عمر کی حد | اسامیوں کی تعداد اور علاقائی / صوبائی کوٹہ: صوبہ / علاقہ | اسامیاں |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | سٹاف کار ڈرائیور (بی ایس-4) (11 اسامیاں) | i. پرائمری پاس<br>ii. مستند ڈرائیونگ لائسنس، ترجیحاًایچ ٹی وی۔ ٹریفک قوانین سے مکمل واقفیت | 18-35 سال | راولپنڈی / اسلام آباد | 05 |
| | | | | پنجاب | 01 |
| | | | | خیبر پختونخواہ/قبائلی اضلاع | 06 |
| | | | | آزاد جموں و کشمیر | 01 |
| | | | | کُل | **13** |
| 2. | نائب کانسٹیبل (بی ایس-1) (09 اسامیاں) | i. پرائمری پاس یا مساوی یا اعلیٰ قابلیت | 18-30 سال | راولپنڈی / اسلام آباد | 02 |
| | | | | پنجاب | 01 |
| | | | | خیبر پختونخواہ/قبائلی اضلاع | 05 |
| | | | | سندھ | 01 |
| | | | | کُل | **09** |
| 3. | باورچی (بی ایس-1) (08 اسامیاں) | i. پرائمری پاس<br>ii. ترجیحاً باورچی کے طور پر کام کا تجربہ | 18-30 سال | راولپنڈی / اسلام آباد | 05 |
| | | | | خیبر پختونخواہ/قبائلی اضلاع | 02 |
| | | | | بلوچستان | 01 |
| | | | | کُل | **08** |
| 4. | و یٹر (بی ایس-1) (01اسامیاں) | i. پرائمری پاس<br>ii. ترجیحاًو یٹر کے طور پر کام کا تجربہ | 18-30 سال | راولپنڈی / اسلام آباد | 01 |
| | | | | کُل | **01** |
| 5. | مالی (بی ایس-1) (01 اسامیاں) | i. پرائمری پاس<br>ii. ترجیحاً مالی کے طور پر کام کا تجربہ | 18-30 سال | پنجاب | 01 |
| | | | | کُل | **01** |

## شرائط و ضوابط

1. درخواستیں دیئے گئے فارمیٹ بربنام انچارج ریکروٹمنٹ ، پوسٹ بکس نمبر 1080، جی پی او، اسلام آباد پر **05 ستمبر، 2022** تک پہنچ جانی چاہئیے۔ بعد میں بھیجی گئی درخواستیں قابلِ قبول نہیں ہونگی۔
2. تمام درخواست گزار 150روپے سٹیٹ بنک، نیشنل بنک یا گورنمنٹ ٹریژری کےکسی بھی برانچ میں درجہ ذیل ہیڈ میں جمع کروائیں اور اصل بنک / ٹریژری چالان درخواست کے ساتھ منسلک کریں ( بنک ڈرافٹ / منی آرڈر قابلِ قبول نہیں ہوگا): **"C-Non Tax Revenue, C038 Others, C03870-Others"**
3. نا مکمل درخواستیں ، اصل بنک/ٹریژری چالان کے بغیر درخواستیں یا دیئے گئے فارمیٹ کے علاوہ بھیجی گئی درخواستیں قابلِ قبول نہیں ہوں گی۔
4. درخواست کے ساتھ دو عدد تصدیق شدہ حالیہ پاسپورٹ سائز رنگین تصاویر ، شناختی کارڈ اور ڈومیسائل کی تصدیق شدہ کاپیاں منسلک کرنا لازمی ہے۔
5. غیر ملکی شریک حیات رکھنے والے افراد درخواست دینے کے اہل نہیں ہیں۔
6. معذوری کا کوٹہ لاگو نہیں ہوگا۔
7. سرکاری ملازمین اپنے ادارے کے توسط سے درخواستیں بھیجیں۔
8. ایسے افراد جو سرکاری ملازمت کررہے ہوں اور مذکورہ آسامیوں کے لئے درخواستیں دیتے وقت اس حقیقت کو مخفی رکھیں، تو ادارے کے علم میں آنے کے بعد ایسے افراد کو نا اہل قرار دیا جائے گا۔
9. **عمر کی بالائی حد درخواست کی وصولی کی آخری تاریخ سے شمار ہو گی۔ عمر کی بالائی حد میں پانچ سال کی رعایت پہلے ہی دی جاچکی ہے۔عمر کی بالائی حد میں مزید رعایت حکومتِ پاکستان کے قوانین کے تحت دی جائیگی۔**
10. ایکس سروس مین کےلئے مسلح افواج سے ڈسچارج ہونے کی وجہ بیان کرنا لازمی ہے۔اگرکوئی امیدوار ایکس سروس مین کی حیثیت سے عمر کی بالائی حد میں پہلے سے ہی رعایت حاصل کرچکا ہوتو وہ عمر کی بالائی حد میں دوسری مرتبہ رعایت کا حقدار نہیں ہوگا۔
11. امیدواروں کےتعلیمی اسناد / ڈومیسائل/ قومی شناختی کارڈ اور دوسرے متعلقہ کاغذات صرف اسی صورت میں قبول کئے جائینگے اگر وہ درخواستوں کے موصول ہونے کی آخری تاریخ سے پہلے جاری ہوچکے ہوں۔
12. ایک درخواست ایک آسامی کے لئے تصور ہوگی۔ ایک سے زیادہ آسامیوں کے لئے الگ الگ درخواستیں جمع کروانی ہوگی۔

Scanned with CamScanner

12. ایک درخواست ایک اسامی کے لئے تصور ہوگی۔ ...

13. اسی ادارے کے کنٹنجنٹ پیڈ / ڈیلی ویج ملازمین کو عمر کی بالائی حد میں رعایت اور اضافی نمبر حکومت پاکستان کے قوانین کے مطابق دی جائیگی۔

14. اہل امیدواروں کو SKILL TEST کے مرحلے سے لازمی گزرنا ہوگا اور ٹاپ / نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والوں کو انٹرویو کیلئے بلایا جائیگا ۔

15. منتخب امیدواروں کو اس بات کا بانڈ/انڈرٹیکنگ جمع کروانا ہوگا کہ وہ مذکورہ اسامیوں پر کم از کم پانچ سال کیلئے خدمات سرانجام دینگے (اگر ضرورت ہوئی ) بصورت دیگر انہیں دی گئی ٹریننگ پر آنے والا خرچہ بمعہ جرمانہ ادارے کو واپس ادا کرنا ہوگا۔مذید براں ان پر سول سرونٹس ایکٹ ، 1973 (اور اس کے تحت وقتاً فوقتاً جو قوانین بنتے ہیں) اور ایسنشل / لازمی سروسز مینٹیننس ایکٹ لاگو ہوگا ۔ علاوہ ازیں انہیں میڈیکل فٹنس ایگزیمینیشن بھی پاس کرنا ہوگا۔

16. منتخب امیدوار وں کو پاکستان میں کسی بھی جگہ بشمول دور دراز علاقوں میں تعینات کیا جاسکتا ہے ۔

17. مجاز اتھارٹی بغیر کوئی وجہ بتائے کسی ایک یا تمام درخواستوں کو قبول یا مسترد کر سکتی ہے یا بھرتی کے تمام عمل سے دستبردار ہوسکتی ہے یا انتظامی وجوہات کی بناء پر کچھ اسامیوں کی بھرتیاں روک سکتی ہے۔

18. تمام اصل دستاویزات کی تصدیق انٹرویو کے وقت کی جائے گی۔کوئی بھی امیدوار جو نا اہل پایا گیا یا وہ دستاویزات (بشمول تعلیمی سرٹیفیکیٹ / ڈگریاں، تجربے کے سرٹیفیکیٹس ، ڈیپارٹمنٹ کا اجازت نامہ وغیرہ ) فراہم کرنے میں ناکام ٹھہرا تو اسے ڈس کوالیفائی کردیا جائے گا۔

19. جو امیدوار کال لیٹر سوشل میڈیا یا کسی دوسرے فورم پر اپلوڈ یا مشتہر کرے گا تو اس کی امیدواری ختم کر دی جائے گی۔

20. کوئی ٹی اے/ ڈی اے لاگو نہیں ہوگا۔

## فیڈرل گورنمنٹ آرگنائزیشن

**پوسٹ بکس نمبر 1080، جی پی او، اسلام آباد**

**درخواست فارم**

حالیہ پاسپورٹ سائز رنگین تصویر چسپاں کریں

اہل:[ہاں / نہیں] ________ ( باکس ادارے کے استعمال کے لئے ہے)

اشتہار کا حوالہ ________ تاریخ ________

نام اسامی ________

درخواست گزار کا نام ________

والد کا نام ________

تاریخ پیدائش (بمطابق میٹرک / مدرسہ چھوڑنے کا سرٹیفیکیٹ) ________

**(ایکس سروس مین/ سابقہ فوجی کی صورت میں ڈسچارج بک کے مطابق)**

جنس: [مرد / عورت] ________ مذہب ________

کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر ________ (تصدیق شدہ کاپی لف کریں)

ڈاک بھیجنے کا مکمل پتہ ________

فون نمبر بمعہ شہر کا کوڈ ________ موبائل نمبر ________

مستقل پتہ ________

ڈومیسائل: ضلع / صوبہ ________ (تصدیق شدہ کاپی لف کریں)

تعلیمی کوائف

| سرٹیفیکیٹ / ڈگری | پاس کرنے کا سال | بورڈ / یونیورسٹی |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

کوئی اور معلومات ________

مستند ڈرائیونگ لائسنس (سٹاف کار ڈرائیور کیلئے): [ ہاں / نہیں] ________

ڈرائیونگ لائسنس کی قسم (ایچ ٹی وی/ ایل ٹی وی / موٹر کار) (صرف سٹاف کار ڈرائیور کیلئے) ________

سرکاری ملازمت کی صورت میں محکمہ کی وساطت سے درخواست جمع کرائی گئی : [ ہاں/نہیں] **ملازمت کی نوعیت (مسلح افواج: بری، فضائی یا بحری فوج/سویلین)** ________

تجربہ سالوں میں ________

رینک (صرف ایکس سروس مین کی صورت میں) ________

مسلح افواج میں یونیفارم سروس(سالوں میں) ________ ڈسچارج کرنے کی وجہ ________

**اس ادارے میں بطور کنٹنجنٹ پیڈ/ڈیلی ویج ملازمت کرنے والے درخواست گزار درجہ ذیل معلومات پُر کریں**

ابتدائی بھرتی کی تاریخ ________ موجودہ پوسٹنگ (شہر کا نام) ________

**بیان حلفی برائے درخواست گزار**

میں ________ ولدیت / زوجیت ________ اقرار کرتا / کرتی ہوں کہ میں نے ٹیسٹ /انٹرویو میں شمولیت کیلئے دی گئی ہدایات / قواعد و ضوابط اچھی طرح سے پڑھ اور سمجھ لئے ہیں اور میں نے قواعد و ضوابط کی روشنی میں اپنی درخواست پُر کی ہے۔ مزید یہ کہ ادارے کو درخواست میں دی گئی معلومات میں کسی بھی قسم کی غلطی / مبالغت رونما ہونے کی صورت میں میری درخواست بھرتی کے عمل کے کسی بھی حصے میں رد کرنے کا اختیار ہوگا (حتیٰ کہ وہ میرے انتخاب کے بعد بھی علم میں آئیں) اور میں ہر قسم کی قانونی کاروائی کا سامنا کرنے کا پابند ہوں گا۔

دستخط: ________

تاریخ: ________

PID(i):1059/22

**نوٹ: نامکمل درخواست / اسناد کی عدم دستیابی کی صورت میں درخواست کو قابل غور نہیں لایا جائے گا۔ تعلیمی اسناد درخواست کے**

Scanned with CamScanner